© rasailojaraid.com



انتہائی گرمجوشی سے استقبال کریں گے۔

(فانی)

<u>مجموعۃ الافکار فی توضیح الاذکار</u> مؤلف۔ ابوالعتیق مولانا سعید الرحمن صاحب۔ صفحات ۴۲۹۔ قیمت ۳۵ روپے۔
ملنے کا پتہ:۔ دارالعلوم سعیدیہ۔ اوگی تحصیل وضلع مانسہرہ (ہزارہ)

"تم مجھ کو یاد کرو۔ میں تم کو یاد کروں گا"! اس سے بڑھ کر ایک انسان کے لئے اور کیا بزرگی ہو سکتی ہے کہ بندہ جس کی حقیقت ایک مشتِ خاک ہے۔ اس خاکی پتلے فرش زمین پر رہنے والے کو رب کائنات عرشِ بریں پر یاد فرمائے۔ اس بلند و بالا درجہ کے حصول کا اہم ذریعہ "ذکرِ الٰہی" ہے۔ ذکر کی حقیقت کیا ہے؟ اہمیت کیا ہے؟ اور طریقہ کیا ہے؟ زیرِ نظر کتاب میں ان ہی مسائل کو بیان کیا گیا ہے۔

مؤلف کتاب مولانا سعید الرحمن صاحب المعروف "خطیب صاحب" ہزارہ ڈویژن کے جید عالم باعمل اور مشہور خطیب ہیں۔ علاقہ میں جہالت، بے علمی، مروجہ رسومات اور بدعات کے استحصال اور اہمیت ذکر پر ۴۲۹ صفحات کی یہ ضخیم کتاب تصنیف فرمائی۔ کتاب کے اکثر حصوں میں ذکر کی اہمیت، حقیقت، طریقۂ مشروع کا بیان اور غیر مشروع طریقہ پر مدلل رد کی گئی ہے۔

قرآن و حدیث کی نصوص کے علاوہ معتمد مفسرین، بزرگانِ دین اور اہل اللہ کی عبارات اور فرمودہ اقوال کے حوالہ جات نے مسئلہ کو محقق اور مدلل بنا دیا ہے۔ کتاب میں کہیں کہیں مناظرانہ جھلک بھی نمایاں ہے اور کبھی جرح و تنقید کا یہ التماس کبھی بدعت کو چھیڑ لیتا ہے۔ تاہم تقابلی طریقہ اختیار کر کے سنت کی اہمیت اور فلسفہ بیان کرنے سے کتاب کا حسن بڑھ جاتا ہے۔ کثرت حوالہ جات کی وجہ سے کتاب کی اہمیت میں اور بھی اضافہ ہو جاتا ہے لیکن حوالہ جات کے باہمی ربط و مناسبت سے تسلسل اور روانی مضمون میں کوئی فرق نہیں آیا۔ طباعت عمدہ ہے۔ عوام و خواص سب کے لئے یکساں طور مفید ہے۔

(مفتی غلام الرحمن)

---

بقیہ:۔ **صحبتے با اہل حق**

خدمت میں حاضر ہوئے اور حافظ راشد الحق کے حفظ القرآن کے مکمل کرنے کی مبارک باد پیش کی۔ حافظ راشد الحق شیخ الحدیث مدظلہ کے پوتے اور مدیر الحق جناب مولانا سمیع الحق کے منجھلے صاحبزادے ہیں انہوں نے اس سال مولانا قاری عمر علی صاحب سے حفظ القرآن مکمل کر لیا ہے۔ حضرت شیخ الحدیث مدظلہ نے مسرت کا اظہار فرمایا اور ارشاد فرمایا کہ یہ اساتذہ کرام جو خدمت دین کر رہے ہیں اور قرآن کی تعلیم کو عام کر رہے ہیں یہ سب سے پسندیدہ اور مقبول عند اللہ کام ہے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے خیرکم من تعلم القرآن وعلمہ۔ تم میں بہتر وہ ہے جو خود قرآن سیکھتا ہے اور دوسروں کو سکھاتا ہے خدا تعالیٰ سب کو حدیث کا مصداق بنائے اور اجر عظیم عطا فرمائے خدا تعالیٰ کے خزانوں میں کوئی کمی نہیں قرآن بڑی نعمت ہے اور اس پر عمل کرنا ہی کامیابی ہے حضرت شیخ الحدیث مدظلہ ختم قرآن کی خبر سے خوش ہوئے اور تینوں اساتذہ کو دعائیں دیں اور اپنے ہاتھ مبارک سے انہیں رقم

[illegible]



© rasailojaraid.com